## گرامر 2c برائے صفحہ — کمزور افعال: دَعَا

اب ہم آخر میں کمزور حرف والے فعل کو لیتے ہیں: دَعَا۔

- ماضی کی چابی: دَعَا۔ اس کی جمع دَعَاوْ کے بجائے ہو گی دَعَوْا۔ کمزور حرف (الف) آرام کرنے چلا گیا۔ آپ بھی دَعَاوْ کے بجائے آرام سے کہیے دَعَوْا! بقیہ صیغے اسی طرح ہوں گے (ـَاوْ ← ـَوْ)۔
- مضارع کی چابی: نَصَرَ يَنْصُرُ کی طرح دَعَا يَدْعُوْ۔ الف واؤ سے بدل گیا۔ اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- امر کی چابی: يَدْعُوْ کا یاء گرا ئیے۔ آخری حرف کمزور ہے تو وہ حکم سنتے ہی ڈر کر بھاگے گا تو رہ جاتا ہے دْعُ۔ چونکہ عربی الفاظ کے شروع میں ساکن الفاظ نہیں پڑھا جاتا اس لیے سامنے ہمزہ لگانا پڑے گا: اُدْعُ۔ اب اس چابی سے بقیہ صیغے آپ بنا سکتے ہیں!
- هُوَ دَعَا – هِيَ دَعَتْ: یعنی دَعَاتْ کو کھینچنے کے بجائے آسانی سے کہیے دَعَتْ (ـَاتْ ← ـَتْ)

189 دَعَا: اس نے دعا کی / اس نے پکارا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضٍ | | فعل مضارع | | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| دَعَا | اس نے پکارا | يَدْعُوْ | وہ پکارتا ہے | اُدْعُ | پکار! |
| دَعَوْا | ان سب نے پکارا | يَدْعُوْنَ | وہ سب پکارتے ہیں | اُدْعُوْا | پکارو! |
| دَعَوْتَ | آپ نے پکارا | تَدْعُوْ | آپ پکارتے ہیں | لَاتَدْعُ | مت پکار! |
| دَعَوْتُ | میں نے پکارا | أَدْعُوْ | میں پکارتا ہوں | لَاتَدْعُوْا | مت پکارو! |
| دَعَوْتُمْ | آپ سب نے پکارا | تَدْعُوْنَ | آپ سب پکارتے ہیں | دَاعٍ | پکارنے والا |
| دَعَوْنَا | ہم سب نے پکارا | نَدْعُوْ | ہم سب پکارتے ہیں | مَدْعُوّ | جس کو پکارا گیا |
| دَعَتْ | اس عورت نے پکارا | تَدْعُوْ | وہ عورت پکارتی ہے | دُعَاء | پکارنا |

## ۞۞۞۞ عربی بول چال ۞۞۞۞

| | |
|---|---|
| هَلْ دَعَا اللهَ؟ | نَعَمْ، دَعَا اللهَ. |
| هَلْ دَعَوُا اللهَ؟ | نَعَمْ، دَعَوُا اللهَ. |
| هَلْ دَعَوْتَ اللهَ؟ | نَعَمْ، دَعَوْتُ اللهَ. |
| هَلْ دَعَوْتُمُ اللهَ؟ | نَعَمْ، دَعَوْنَا اللهَ. |

---

کلاس کے بعد آپس میں سوالات وجوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ تَدْعُوْنَ اللهَ؟ نَعَمْ، نَدْعُو اللهَ.
- فعل أمر: أُدْعُ رَبَّكَ! سَوْفَ أَدْعُوْ رَبِّيْ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتُمْ دَاعُوْنَ؟ نَعَمْ، نَحْنُ دَاعُوْنَ.

دَعَا ہی کی طرح تَلَا (اس نے تلاوت کی) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے- اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔